شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون:042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

25 - دسمبر 2021

پریس ریلیز

انتہاء پسند ہندوؤں کا مسلمانوں کے قتل عام کا اعلان اُن کی باطنی خباثت کا واضح اظہار ہے۔

لاہور(پ ر) انتہاء پسند ہندوؤں کا مسلمانوں کے قتل عام کا اعلان اُن کی باطنی خباثت کا واضح اظہار ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے بھارت کی ریاست اتراکھنڈ کے شہر ہریدوار میں سرکاری سرپرستی میں انتہاء پسند ہندوؤں کی جانب سے مسلمانوں کے قتل عام کی کال پر غم و غصہ کا اظہار کرتے ہوئے کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ کئی بدنام زمانہ انتہاء پسند اور دہشت گرد ہندو پنڈتوں اور حکمران بی جے پی کے لیڈروں نے نفرت انگیز تقاریر میں ہندوؤں کو مسلمانوں کے خلاف اشتعال دلایا۔ حقیقت یہ ہے کہ جب سے بھارت میں فاشسٹ مودی کی حکومت برسراقتدار آئی ہے مسلمانوں کی نسل کشی کے لیے ہر طرح کا حربہ استعمال کیا جارہا ہے۔ آسام کے مسلمانوں کو نام نہاد شہریت قانون کی آڑ میں تمام شہری حقوق سے محروم کر دیا گیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ بھارت میں ہزاروں مسلمان گائے کے نام پر زندہ جلائے جاچکے ہیں اور مسلمانوں کے قاتل آر ایس ایس کے یہ غنڈے سرکاری سرپرستی میں دندناتے پھر رہے ہیں۔ اُنھوں نے مسلمان ممالک کے حکمرانوں سے مطالبہ کیا کہ سب متحد ہو کر بھارت کے مسلمانوں کے تحفظ کو اپنی ترجیح اوّل بنائیں۔ بھارت کے سفارتی، تجارتی اور معاشی مقاطعہ کے لیے عملی اقدام اُٹھائے جائیں۔ ضرورت اِس امر کی ہے کہ تمام مسلمان ممالک بھارت پر مؤثر اور دیرپا پابندیاں لگائیں تاکہ بھارتی حکمران انتہاپسند ہندوؤں کو لگام دینے پر مجبور ہو جائیں اور وہاں کے مسلمانوں پر ظلم و ستم نہ ڈھایا جاسکے۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا
مرکزی ناظم نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: 25 December 2021

"The proclamation by extremist Hindus to commit genocide of Muslims is a reflection of their deep-rooted internal malevolence."

Lahore (PR): "The proclamation by extremist Hindus to commit genocide of Muslims is a reflection of their deep-rooted internal malevolence."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, while lambasting the call for genocide of Muslims made by extremist Hindus, under state patronage, in Haridwar city of the state of Uttarakhand in India. He condemned the gathering in which many a notorious extremist and terrorist Hindu Pandits and leaders of the ruling BJP had delivered speeches laced with hatred to incite Hindus on mass violence against Muslims. The Ameer lamented that ever since the government of fascist Modi assumed power, various ploys for the genocide of Indian Muslims are being used. The Muslims of Assam have been stripped of all fundamental citizenship and human rights in guise of the so-called Citizenship Act. The fact of the matter is that thousands of Muslims have been lynched in the name of 'cow vigilantism' and the goons of the RSS are roaming freely spreading a reign of terror under state patronage. The Ameer demanded that the rulers of all Muslim countries must unite to make the protection of the Muslims of India a chief priority. Practical measures ought to be taken for the diplomatic, trade and economic boycott of India. The Ameer concluded by asserting that the need of the hour is for all Muslim states to impose effective and lasting sanctions on India, so that the Indian government is forced to rein the extremist Hindus and, consequently, the Muslims of India are no longer made the target of oppression, injustice and cruelty.

Issued by
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan